


صدر تھامس ایس مانسن

# وہ یہاں نہیں ہے، بلکہ جی اُٹھا ہے

آج صرف کفر نحوم کے کھنڈرات باقی ہیں، وہ شہر جو جھیل کے کنارے ہے، جو گلیل کی خدمت کے دوران یسوع کا مرکز تھا۔ یہاں اُس نے عبادت خانے میں تبلیغ کی، سمندر کے کنارے تعلیم دی، اور گھروں میں شفادی۔

اُس کی خدمت کے آغاز میں، یسوع نے یسعیاہ سے ایک حوالہ لیا: خداوند خدا کی روح مجھ پر ہے کیوں کہ اُس نے مجھے مسح کیا تاکہ حلیموں کو خوش خبری سناؤں۔ اُس نے مجھے بھیجا ہے کہ شکستہ دلوں کو تسلی دوں، قیدیوں کے لئے رہائی اور اسیروں کے لئے آزادی کا اعلان کروں" (یسعیاہ ٦١:١؛ لوقا ۴:١٨ بھی دیکھئے) الٰہی منصوبے کا واضح اعلان خدا کے بیٹوں اور بیٹیوں کو بچانا۔

مگر گلیل میں یسوع کی تبلیغ محض ایک تعارف ہے۔ ابن آدم نے ہمیشہ سے ہی گُلگُتا پہاڑی پر ہونے کے ہیبت ناک مقررہ مقام کو منتخب کیا ہے۔

آخری کھانے کے بعد گتسمنی باغ میں گرفتار ہوا، اپنے شاگردوں سے الگ کر لیا گیا، اُس پر تھوکا گیا، اُس کا امتحان لیا گیا، اور اُس کو ذلیل کیا گیا، یسوع اپنی بھاری صلیب کے نیچے ڈگمگاتے ہوئے کلوری کی طرف گیا۔ وہ فتح سے دھوکے، تشدد اور صلیب پر موت کی طرف بڑھتا گیا۔

گیت "TheHolyCity" کے الفاظ میں۔

منظر بدل گیا تھا۔۔۔۔
صبح ٹھنڈی اور سرد تھی،
جو نہی صلیب کا سایہ اُبھرا
تنہا پہاڑی پر۔[1]

ہمارے لئے آسمانی باپ نے اپنا اکلوتا بیٹا دیا۔ ہمارے بڑے بھائی نے ہمارے لئے اپنی جان دی۔

آخری لمحہ میں بھی مالک پیچھے ہٹ سکتا تھا۔ مگر اُس نے ایسا نہ کیا۔ اُس نے تمام چیزوں سے زیادہ برداشت کیا کہ وہ سب چیزوں کو بچا سکے، انسانی نسل کو، زمین اور اُس پر بسنے والی ماضی، حال اور مستقبل کی نسلوں کو۔

مسیحی دنیا میں میرے لئے اِن سے زیادہ اہم الفاظ کوئی نہیں جو فرشتے نے روتی ہوئی مریم مگدلینی اور دوسری مریم سے کہے جب وہ اپنے خداوند کے بدن کی حفاظت کے لئے قبر پر پہنچیں: تم زندوں کو مُردوں میں کیوں ڈھونڈتی ہو؟ وہ یہاں نہیں بلکہ جی اُٹھا ہے" (لوقا ٢۴:٥-٦)

اس اعلان کے ساتھ، جو زندہ تھے اور مر گئے ہیں، وہ جو اب زندہ ہیں اور ایک روز مر جائیں گے، اور جنہوں نے ابھی پیدا ہونا اور مرنا ہے اُن سب کو بچا لیا گیا تھا۔

مسیح کی قبر پر فتح کے نتیجے کے طور پر، ہم جی اُٹھیں گے۔ یہ روح کی مَخلصی ہے۔ پولوس لکھتا ہے:

"آسمانی بھی۔۔۔ جسم ہیں، اور زمینی بھی: مگر آسمانیوں کا جلال اور ہے زمینیوں کا اور۔

"آفتاب کا جلال اور ہے، اور ماہتاب کا جلال اور ستاروں کا جلال اور کیوں کہ ستارے ستارے کے جلال میں فرق ہے۔

"مُردوں کی قیامت بھی ایسی ہی ہے" (١ کرنتھیوں ١٥:۴٠-۴٢)

پس ہم سلیسٹیل جلال کے خواہاں ہیں۔ ہماری خواہش ہے کہ ہم خُداوند کی حضوری میں رہیں۔ یہ ایک ابدی خاندان ہے جس میں ہم رکنیت چاہتے ہیں۔

وہ جس نے ہم کو لامحدود موت سے چھڑایا، میں گواہی دیتا ہوں کہ وہ سچائی کا معلم ہے بلکہ وہ ایک معلم سے بڑھ کر ہے۔ وہ کامل زندگی کا نمونہ ہے بلکہ وہ اُس نمونے سے بھی بڑھ کر ہے۔ وہ عظیم طبیب ہے بلکہ ایک طبیب سے بھی بڑھ کر ہے۔ حقیقی معنوں میں وہ دنیا کا نجات دہندہ، ابن خدا، سلامتی کا شہزادہ، اسرائیل کا قدوس، جی اُٹھا خداوند ہے، جس نے اعلان کیا، "میں اول اور آخر ہوں میں وہ ہوں جو زندہ ہے، جس کو قتل کیا گیا تھا، اور میں تمہارا وکیل ہوں۔ (دیکھئے تعلیم و عہد ۱۱۰:۴)

"اوہ، یہ فقرہ کتنی سہانی خوشی دیتا ہے: 'میں جانتا ہوں کہ میرا نجات دہندہ زندہ ہے!'"[2]

اس کی میں گواہی دیتا ہوں۔

نوٹس

۱۔ فریڈرک ای۔ ویدرلی، "The Holy City" (۱۸۹۲ء)

۲۔ "میں جانتا ہوں کہ میرا نجات دہندہ زندہ ہے،" گیت نمبر ۳۶۔

---

## اس پیغام سے تعلیم

اچھے معلمین اُن کے درمیان اتحاد کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں جن کو وہ پڑھاتے ہیں۔ جب لوگ اپنے خیالات بیان کرتے اور عزت کے ساتھ ایک دوسرے کی بات سنتے ہیں، تو وہ نہ صرف سیکھنے کے لئے مثبت ماحول سے لطف اندوز ہوتے ہیں بلکہ مزید متحد ہوتے ہیں (دیکھئے *Teaching, No Greater Call* [۱۹۹۹ء]، ۶۳)۔ جن لوگوں کو آپ تعلیم دیتے ہیں اُن لوگوں کے درمیان اتحاد بڑھے گا جب آپ اور وہ عزت کے ساتھ یسوع مسیح کے کفارے اور اُس کے جی اُٹھنے کی گواہی دیتے ہیں۔ یہ اتحاد خاندانوں کی صدر مانسن کی "ابدی خاندان" بننے کی مشورت کی پیروی کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔

# نوجوان

## اُس نے گھر واپس جانے کے لئے ہمیں راستہ دکھایا

"نجات دہندہ دنیا میں آیا کہ ہم پر ظاہر کرے کہ کس طرح سے اُس منصوبہ کے مطابق زندگی بسر کرنی ہے جس کو آسمان پر تیار کیا گیا تھا، اور اگر اُس کے مطابق زندگی بسر کریں گے، تو ہم خوش و خرم زندگی گزاریں گے۔ اُس کا نمونہ ہمارے آسمانی باپ کے پاس واپس گھر جانے کے لئے ہمیں راہ دکھاتا ہے۔ کسی اور نے کبھی بھی اس طرح سے "ثابت قدمی اور غیر متزلزل" طور پر زندگی نہیں گزاری۔ مضایاہ ۵:۱۵۔ وہ کبھی بھی اپنے مقصد سے نہیں ہٹا۔ اُس نے باپ کی مرضی کو پورا کرنے پر اپنی توجہ مرکوز رکھی، اور وہ اپنے الٰہی مقصد میں سچا رہا۔

"آپ اُس شاندار منصوبہ کا حصہ ہیں جس کو قبل از فانی دنیا میں پیش کیا گیا۔ پس جب سے منصوبہ کو قبول کیا گیا اُس وقت سے زمین پر آپ کی آمد پیش بندی کے طور پر رہی ہے۔ وقت اور مقام کے حوالے سے آپ کی حیثیت جو بھی ہو وہ کوئی حادثاتی نہیں ہے۔ کثرت ایمان اور نیک اعمال کے باعث، ایلما ۱۳:۳ نے اُس کام کی بنیاد رکھی ہے جس کی اب آپ تکمیل کر سکتے ہیں اگر آپ وفادار اور فرماں بردار ہیں۔۔۔ آپ کو عظیم کام کرنا ہے۔ در حقیقت اپنے الٰہی مشن کی تکمیل اور خوشی کے منصوبے کے مطابق زندگی بسر کرنے کے لئے، آپ کو بھی ثابت قدم اور غیر متزلزل ہونا چاہیے۔"

**علین ایس۔ ڈالٹن، ینگ وومن جنرل صدر، "At All Times, in All Things, and in All Places," لیحونا، مئی ۲۰۰۸ء، ۱۱۶**

© 2011 by Intellectual Reserve, Inc. جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ یو ایس اے میں چھپا۔ اجازت برائے انگریزی۔ 6/10۔ اجازت برائے ترجمہ: 6/10 صدارتی مجلس اعلیٰ کا پیغام اپریل ۲۰۱۱ء کا Urdu ترجمہ۔ 09764 434

# ریلیف سوسائٹی کا مقصد

ایمان • خاندان • ریلیف

دعائیہ طور پر اس مواد کا مطالعہ کریں، اور جہاں تک مناسب ہو، اُن بہنوں کے ساتھ اس بارے گفتگو کریں جن سے آپ ملنے جاتی ہیں۔ بہنوں کو مضبوط کرنے کے لئے سوالات کو مدد کے واسطے استعمال کریں اور ریلیف سوسائٹی کو اپنی متحرک زندگی کا حصہ بنائیں۔

پہلی مرتبہ جب ہماری صدارتی مجلس کو ذمہ داری عطا کی گئی، تو ہم کو ریلیف سوسائٹی کی تاریخ کے بارے کچھ ذرائع دیئے گئے تھے۔ ہم نے اِن ذرائع کا مطالعہ اِس خواہش کے ساتھ کیا کہ ریلیف سوسائٹی کا مقصد کیا ہے اور خُداوند ہم سے کیا چاہتا ہے۔ ہم نے جانا کہ جب خداوند نے ریلیف سوسائٹی کو قائم کیا تو اس کا مقصد اُس کی بیٹیوں کو منظّم کرنا، سکھانا، اور الہام بخشنا اور اُن کو ابدی زندگی کی برکات کے لئے تیار کرنا ہے۔

ریلیف سوسائٹی کے اس مقصد کی تکمیل کے لئے، خُداوند نے ہر ایک بہن اور تنظیم کو مجموعی طور پر یہ حُکم دیا ہے:

۱۔ ایمان اور ذاتی راستبازی میں اضافہ

۲۔ خاندانوں اور گھرانوں کو مضبوط کرنا

۳۔ خداوند اور اُس کے بچوں کی خدمت کے باعث آرام مہیا کرنا

ہم یہ کام اُسی صورت میں خداوند کے طریقے سے کر سکتے ہیں جب ہم ذاتی مکاشفہ کی جستجو کرتے، اسے حاصل کرتے اور اس پر عمل کرتے ہیں۔ ذاتی مکاشفہ کے بغیر، ہم کامیاب نہیں ہو سکتے ہیں۔ اگر ہم ذاتی مکاشفہ پر دھیان لگائیں، تو ہم ناکام نہیں ہو سکتے ہیں۔ نیفی نبی ہم کو ہدایت دیتا ہے کہ روح القدس ہم کو "سب باتیں جو کرنی چاہییں" دکھائے گا۔ (۲ نیفی ۳۲:۵)۔ ہمیں روح کی آواز کو سننے کے لئے اپنے آپ کو لازمی طور پر کافی ساکن اور کافی خاموش رکھنا ہو گا۔

بہنو، ہمیں خدا کی بادشاہی کی تعمیر میں مدد کرنے اور خداوند کی آمد کی تیاری کے لئے ایک اہم کردار ادا کرنا ہے۔ دراصل، خداوند کا کام اُس کی بیٹیوں کی مدد کے بغیر تکمیل نہیں پا سکتا ہے۔ اُس لئے، خداوند ہم سے توقع کرتا ہے کہ ہم اپنے ہدیوں میں اضافہ کریں۔ وہ توقع کرتا ہے کہ ہم ریلیف سوسائٹی کے مقصد کو اس طرح سے پورا کریں کہ پہلے کبھی بھی ایسا نہ کیا گیا ہو۔

جولی بی۔ بیک، ریلیف سوسائٹی کی جنرل صدر

## صحائف سے

استثنا ۶:۵۔۷؛ لوقا ۱۰:۳۰۔۳۷؛ یعقوب ۱:۲۷؛ ۲ نیفی ۲۵:۲۶؛ مضایاہ ۳:۱۲—۱۳

## ہماری تاریخ سے

۹ جون، ۱۸۴۲ء ریلیف سوسائٹی کی میٹنگ میں، نبی جوزف سمتھ نے بہنوں کو بتایا کہ اُن کی سوسائٹی "نہ صرف غریبوں کی اعانت کے لئے، بلکہ روحوں کو بچانے کے لئے بھی" تھی۔[1] اس روحانی اور اس کے ساتھ ساتھ دنیاوی مقصد کے بیان نے ریلیف سوسائٹی کی پوری تاریخ میں اس کی خصوصیت کو واضح کر دیا ہے۔ ۱۹۰۶ء میں صدر جوزف ایف۔ سمتھ (۱۸۳۸ء۔۔۔۱۹۱۸ء) نے بتایا: "[ریلیف سوسائٹی] کا کام نہ صرف غریبوں، بیماروں اور ضرورت مندوں کی ضرورتوں کے بارے معاملات کو دیکھنا ہے، بلکہ یہ تو اس کے فرض کا ایک حصہ ہے بلکہ بڑا حصہ صیون کی ماؤں اور بیٹیوں کی روحانی بہبودی اور نجات کی دیکھ بھال کے لئے بھی کام کرنا ہے؛ یہ دیکھنا کہ کوئی بھی نظر انداز نہ ہو، بلکہ مصیبت، تباہی، تاریکی کی قوتوں، اور اُن برائیوں کے خلاف سب کی حفاظت کی جائے جو دنیا میں اُن کو دھمکاتی ہیں۔"[2] ۲۰۰۱ء میں بارہ رسولوں کی جماعت کے ایلڈر ایم۔ رسل بیلرڈ نے اس بات کو دہرایا، "اس کلیسیا میں ہر ایک بہن جس نے خداوند کے ساتھ عہود باندھے ہیں اُس کے پاس الٰہی حکم ہے کہ وہ روحوں کو بچانے میں مدد کرے، دنیا کی خواتین کی رہنمائی کرے، صیون کے گھروں کو مضبوط کرے، اور خدا کی بادشاہت کی تعمیر کرے۔"[3]

### حوالہ جات

۱۔ جوزف سمتھ، *History of the Church* ۲۵:۵

۲۔ *Teachings of Presidents of the Church: Joseph F. Smith* (۱۹۹۸ء)، ۱۸۵

۳۔ ایم۔ رسل بیلرڈ، "*Women of Righteousness*" لیحونا دسمبر ۲۰۰۲ء، ۳۹۔

## میں کیا کر سکتی ہوں؟

۱۔ اپنی بہنوں کے ایمان میں، ذاتی راستبازی میں اضافہ کرنے اور اُن کے گھروں اور خاندانوں کو مضبوط کرنے میں مدد کے واسطے میں نے کون سا الہام پایا ہے؟ میں کیا آرام مہیا کر سکتی ہوں؟

۲۔ اپنے ایمان کو مضبوط کرنے اور ذاتی راستبازی کے لئے اپنی ذمہ داری بڑھانے کے لئے میں اس پیغام کو کیسے استعمال کر سکتی ہوں؟

مزید معلومات کے لئے www.reliefsociety.lds.org پر جائیں۔

© 2011 by Intellectual Reserve, Inc. ۔ جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ انڈیا میں چھپا۔ اجازت برائے انگریزی: 6/10۔ اجازت برائے ترجمہ: 6/10۔ Visiting Teaching Message, April 2011 کا Urdu ترجمہ۔ 09764 434